© rasailojaraid.com

شورش کاشمیری

وہ ایک در کہ جہاں دورِ آسماں ٹھہرے

قلم سے پھول کھلیں، نطق درفشاں ٹھہرے — وہاں چلا ہوں جہاں گردشِ زماں ٹھہرے
وہ آستاں کہ ارادت سے مہر و ماہ جھکیں — وہ خاکِ پاک ہر ذرّہ کہکشاں ٹھہرے
ہوائے کوچہء محبوب ، شکریہ تیرا — ترے کرم سے بیاباں بھی گلستاں ٹھہرے
یہ فکر دائرے بُنتی رہی خلاؤں میں — کوئی تو بات بہ عنوانِ ارمغاں ٹھہرے
تمام عمر مدینہ میں سونے والے کو — کہاں کہاں سے پکارا، کہاں کہاں ٹھہرے
کبھی نظیریؔ و فیضیؔ کی خوشہ چینی کی — کبھی نظامیؔ و خسروؔ کے ہم زباں ٹھہرے
نظر جمی کبھی حسّانؓ کے قصیدوں پر — کبھی قبیلہء عُشّاق کا نشاں ٹھہرے
لوائے مہرؔ علی شاہؒ کو دوش پر رکھ کر — دیارِ گنجِ شکرؒ میں بھی میہماں ٹھہرے
جنوں کا درس لیا بُوعلی قلندرؒ سے — غزل سرائیِ حافظؔ کے ترجماں ٹھہرے
دیارِ شعر میں سعدیؔ کی ہمنوائی کی — نہ ماوریٰ کہیں پہنچے نہ درمیاں ٹھہرے
ادب میں مرشدِ رومی سے اکتساب کیا — وہ اس گروہ میں سرخیلِ عاشقاں ٹھہرے
غرض کہ اس درِ مشکل کشا تک آ پہنچے — وہ ایک در کہ جہاں دورِ آسماں ٹھہرے
بہ بارگاہِ رسالت یہ ارمغانِ فقیر — بڑا کرم ہو جو مقبول و کامراں ٹھہرے
سلام اُن پہ کہ جن سے ہے نظمِ کون و مکاں — سلام اُن پہ کہ جو شاہِ دوجہاں ٹھہرے
سلام اُن پہ جو ہم بے کسوں کی منزل ہیں — سلام اُن پہ کہ جو میرِ کارواں ٹھہرے
غرض کہ اُن پہ درود و سلام کی بارش — جو ہر زمیں کے لئے ابرِ دُرفشاں ٹھہرے

جنونِ عشق اسی آستاں پہ لے آیا
جبینِ شوق جہاں سنگِ آستاں ٹھہرے

© rasailojaraid.com